ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات ان کی

O۔ نواز شریف کو مسلم لیگ کا صدر نامزد کر دیا گیا (ایک خبر)
کلمۂ شہادت، فاتحہ، دعاء خیر۔۔۔۔۔ اللہ دی مرضی۔

O۔ میری منزل اللہ کی طرف ہے۔ سندھو دیش اس کا راستہ ہے۔ (جی ایم سید)
منزل درست ہے۔ راستہ غلط ہے۔

O۔ میر خلیل الرحمن بڑے آدمی تھے۔ (بشریٰ رحمن)
اس دور میں بڑے آدمی کی نشانی یہ ہے کہ اخبار کے ذریعے بے حیائی کو عام کرے۔

O۔ جیب تراش ثریا پکڑی گئی۔ (ایک خبر)

بی اے کر کے اب ثریا بن گئی ہے جیب تراش
لینے کے دینے پڑ گئے اس گھر کی ویرانی بھی دیکھ

O۔ حکمران بہن بھائی اور ماں بیٹی تک کو لڑانا چاہتے ہیں۔ (نصرت بھٹو)
اقتدار بری چیز ہے بی بی! حکمرانوں کا کوئی قصور نہیں۔

O۔ ناہید اختر سے روحانی نکاح ہو چکا ہے۔ گانا میری دعاؤں کی وجہ سے چھوٹا۔ (مہتاب احمد)
مرزا قادیان لعنۃ اللہ علیہ نے بھی محمدی بیگم سے اسی طرح کے نکاح کا دعویٰ کیا تھا۔

O۔ غریبوں کی لڑکیاں وڈیروں کے کھلونے ہیں۔ (بائل گنج لاہور کی عورتوں کا بیان)
وڈیرے ظالم ہیں حکمران بونے ہیں۔

O۔ ضلع کونسل لاہور کے وائس چیئرمین محمد رفیق کی طرف سے دی گئی افطار پارٹی میں لاری جانسٹن و دیگر معززین نے شرکت کی۔ (ایک خبر)
افطار پارٹی میں "لاری جانسٹن" کی شرکت! یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کر شرمائیں یہود۔

O۔ ساس بہو بھرے بازار میں الجھ پڑیں۔ ساس کی ناک کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ (ایک خبر)
بہو جوڈو کراٹے کی ماہر ہو گی۔

O۔ سگریٹ نیچے کر لو۔ کیمرہ والے آرہے ہیں۔ دو ارکان اسمبلی کے ایک دوسرے کو مشورے۔ (ماہِ رمضان کی ایک خبر)
شرم تم کو مگر نہیں آتی!

O۔ نقل کرانے سے منع کرنے پر استاد نے ناظم سنٹر پر حملہ کر دیا۔ (ایک خبر)
لارڈ میکالے کے نظام تعلیم کا صحیح نتیجہ!

O۔ شریعت عوام کے مسائل حل نہیں کر سکتی۔ (خورشید حسین میر)
رات کے تاریک سناٹوں کی پیداوار لوگ۔ میکدوں میں سیرت خیر البشر پر نکتہ چیں۔

O۔ ملتان میں روزے دار طالب علموں کی گرفتاری پر تاجروں کی ہڑتال۔ تھانے گئے تو مجسٹریٹ خود کھا پی رہا تھا۔ (ایک خبر)
لعنت بر پدر فرنگ!۔

O۔ ڈش انٹینا کی قیمتوں میں حیرت انگیز کمی۔ (ایک خبر)
بے حیائی کا سامان سستا ہو گیا۔

O۔ غلط الٹرا ساؤنڈ رپورٹ پر خاتون کے پیٹ کا آپریشن کر دیا گیا۔ (ایک خبر)
نرس کو دیکھ کے ڈاکٹر کے ایسے ہوش اڑے
کہ شراب سیخ پہ ڈالی کباب شیشے میں

O۔ عورتوں اور مردوں کا ایک کمرے میں اکٹھے بیٹھنا جرم نہیں۔ (سردار اسحٰق)
چاہے سردار صاحب کے اپنے گھر کی عورتیں ہوں!

O۔ صدر اور وزیر اعظم میں مفاہمت مشکل دکھائی دیتی ہے۔ (کوثر نیازی)
تو اسی طرح اقتدار کی لیلیٰ آپ کے ہاتھ آجائے گی؟

O۔ نورانی بھی صدر بنیں گے (ایک خبر)
اب راج کرے گی نورانی

O۔ ہو گا وہی جو اللہ چاہے گا اور اللہ امریکہ اور صدر اسحٰق سے اختلاف نہیں کرتا۔ (دلدار پرویز بھٹی)
ابلیس لعین کو آپ کی شاگردی پر ناز ہے۔

O۔ وائس چیئرمین اوکاڑہ سرکاری گاڑی ذاتی استعمال میں لاتے ہیں۔ (ایک خبر)
ملک کے تمام سرکاری اداروں کی گاڑیاں افسران اور اُن کی بیگمات کے اشارے پر چلتی ہیں۔

O۔ "ایک کلو ہیروئن ڈال دوں گا۔ پھر دیکھتا ہوں منتھلی کیسے نہیں دیتے"۔ (ڈسکہ بس سٹینڈ کے باہر اے ایس آئی کی ٹرک ڈرائیور کو دھمکی)
پولیس سے کسی شہری کی زندگی محفوظ نہیں۔

ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے

O۔ رقص کا الزام مضحکہ خیز ہے۔ مجھے پاکستان کے وقار کا بہت احساس ہے۔ (عابدہ حسین)

بلکہ مردم خیز ہے۔ آخر ایک "عابدہ، زاہدہ" پر لوگ کیچڑ کیوں اُچھالتے ہیں ؟

O۔ میر خلیل الرحمن سچے عاشقِ رسول ﷺ تھے۔ ہمیشہ حق کی آواز بلند کی۔ (شیخ رشید)

روزنامہ جنگ میں قوم کی بہو بیٹیوں (اپنی نہیں) کو ناچتا تھرکتا دکھا کر آپ نے اور میر صاحب نے عشقِ رسالت کا مثالی مظاہر کیا ہے۔

O۔ حبیب جالب کو بڑے اکرام سے سپردِ خاک کر دیا گیا۔ (ایک خبر)

عمر بھر سنگ زنی کرتے رہے اہلِ وطن
یہ الگ بات کہ دفنائیں گے اعزاز کے ساتھ

O۔ جائیداد کی خاطر بیٹے نے ماں کی ٹانگ توڑ ڈالی۔ (ایک خبر)

پوری پوری رات گود میں لے کر بیٹھی رہنے والی ہستی کے ساتھ یہ سلوک! کافرانہ تہذیب کو اپنانے کا تحفہ۔

O۔ اب سپریم کورٹ کی اپنی عمارت ہے، انصاف چاہنے والوں کو اب انصاف ملے گا۔ (نواز شریف)

جناب آپ توہین عدالت کے مرتکب ہو رہے ہیں !

O۔ نواز شریف نے جرائم پیشہ ارکان اسمبلی کی فہرستیں تیار کرنے کا حکم دے دیا (ایک خبر)

اس قبیلے کا ہر پیر و جواں گستاخ ہے۔

O۔ ملک معراج خالد نے چیف جسٹس افضل ظلہ کے خلاف توہین عدالت کے الزام میں پٹیشن دائر کر دی (ایک خبر)

معاملہ عدالت میں ہے اور ہم تبصرہ کر کے خوامخواہ توہین عدالت کے مرتکب نہیں ہونا چاہتے۔

O۔ وزیر اعظم نے استقبالیہ لائن میں کھڑے ہوئے شیخوپورہ سے آئی جے آئی کے ایم پی اے رشید ڈوگر کو ہتھکڑی لگوا دی۔ (ایک خبر)

ملتان میں آبروریزی کے ملزم آئی جے آئی کے سکندر بوسن کی گرفتاری، وزیر اعظم کے دائرہ اختیار سے باہر ہے۔